نہم لاہور بورڈ 2012

تاریخ پاکستان — پرچہ I (انشائیہ طرز)

وقت: 2.10 گھنٹے — کل نمبر: 60

(حصہ اول)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) گندھارا آرٹ سے کیا مراد ہے؟ دو سطروں میں تحریر کیجیے۔

(ii) اشوک نے کن علاقوں کو فتح کیا؟ دو کے نام تحریر کیجیے۔

(iii) راجہ پورس کون تھا؟ دو سطروں میں قلمبند کیجیے۔

(iv) سکندر کہاں فوت ہوا اور اس کی عمر کتنی تھی؟

(v) مہاراجہ ہرش کا تعارف دو سطروں میں بیان کیجیے۔

(vi) کنشک کس خاندان کا بادشاہ تھا اور اس کی سلطنت کا صدر مقام کہاں تھا؟

(vii) محمد بن قاسم نے کن علاقوں کو فتح کیا؟ دو کے نام لکھیے۔

(viii) امرائے چہلگان کا تعارف دو سطروں میں لکھیے۔

(ix) قطب الدین ایبک کی وفات کب اور کہاں ہوئی؟

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) مبارک خلجی کو کس نے قتل کیا اور کب؟

(ii) ''علامتی کرنسی'' کا اجراء کس نے کیا؟

(iii) فیروز تغلق کا فوج کے بارے میں کیا نقطہ نظر تھا؟

(iv) سید خاندان کا بانی کون تھا؟

(v) ہندوستان میں بابر کے حریف کون تھے؟

(vi) رانا سانگا بابر کا مخالف کیوں تھا؟

(vii) ظہیر الدین بابر کا کردار دو سطور میں لکھیے۔

(viii) پانی پت دہلی سے کتنی دور ہے اور یہاں کن دو حکمرانوں کے درمیان جنگ ہوئی؟

(ix) ہمایوں جلاوطنی کے زمانے میں کہاں رہا اور کب دوبارہ حکومت حاصل کی؟

www.ilmkidunya.com

-4 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) ملک عنبر کون تھا؟ دو فقرات میں لکھیے۔

(ii) نور جہاں کو لاہور کے قلعہ میں کس نے نظر بند کرایا اور کیوں کرایا؟

(iii) خرم کی پرورش کہاں ہوئی اور کس نے کی؟

(iv) نور جہاں نے کس کے بیٹوں کو یرغمال بنایا؟ ان کی تعداد کتنی تھی؟

(v) اورنگ زیب ذاتی طور پر کیسا تھا؟ دو سطور میں لکھیے۔

(vi) راجپوتوں سے اورنگ زیب کے تعلقات دو سطور میں لکھیے۔

(vii) تاج محل کس نے بنوایا اور کس کی یاد میں بنوایا؟

(viii) بادشاہی مسجد کہاں ہے اور یہ کس نے بنوائی؟

(ix) ''جماعت خانہ'' کے بارے میں دو سطور لکھیے۔

(حصہ دوم)

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے۔

-5 (الف) سلطان محمد غوری کے ہندوستان پر حملوں سے کیا اثرات مرتب ہوئے؟ 8

-6 غیاث الدین تغلق کی اصلاحات بیان کیجیے۔ 8

-7 ہمایوں اپنی حکومت کو درپیش مسائل حل کرنے میں ناکام رہا۔ تفصیل سے لکھیے۔ 8

-8 اکبر کی راجپوت پالیسی بیان کیجیے۔ 8

-9 مغل دور کی عمارات پر نوٹ لکھیے۔ 8